# سمعی مہارت کی مشقیں

## مشق 22

### متن

زیان بیٹے کو اسٹیکرز جمع کرنے کا بہت شوق ہے۔ زیان کو بچپن میں ان کی استانی نے انعام کے طور پر کچھ اسٹیکرز دیئے تھے جس کے بعد ان میں یہ شوق پیدا ہوا۔ زیان میاں کے پاس مختلف شکل، رنگ اور بناوٹ کے پانچ سو سے زیادہ اسٹیکرز ہیں۔ ان میں کچھ جانوروں والے اسٹیکرز ہیں اور کچھ پھل اور سبزیوں کے۔ کیڑوں والے اسٹیکرز تو بالکل اصلی لگتے ہیں۔ زیان میاں ہر ملک کے جھنڈے کا اسٹیکر بھی اپنے پاس رکھنا چاہتے ہیں لیکن ابھی تک ان کے پاس سارے ممالک کے جھنڈوں کے اسٹیکرز جمع نہیں ہو سکے۔ وہ اپنے اسٹیکرز کا مجموعہ سب کو فخر سے دکھاتے ہیں۔

### سوالات

**سنیے اور خالی جگہیں پر کیجیے: (۱۰)**

زیان ـــــــ کو اسٹیکرز جمع کرنے کا بہت ـــــــ ہے۔ زیان کو بچپن میں ان کی استانی نے ـــــــ کے طور پر کچھ اسٹیکرز دیئے تھے جس کے بعد ان میں یہ شوق پیدا ہوا۔ زیان میاں کے پاس ـــــــ شکل، رنگ اور بناوٹ کے پانچ سو سے زیادہ اسٹیکرز ہیں۔ ان میں کچھ ـــــــ والے اسٹیکرز ہیں اور کچھ پھل اور ـــــــ کے۔ کیڑوں والے اسٹیکرز تو بالکل ـــــــ لگتے ہیں۔ زیان میاں ہر ملک کے ـــــــ کا اسٹیکر بھی اپنے پاس رکھنا چاہتے ہیں لیکن ابھی تک ان کے پاس سارے ممالک کے جھنڈوں کے اسٹیکرز ـــــــ نہیں ہو سکے۔ وہ اپنے اسٹیکرز کا مجموعہ سب کو فخر سے ـــــــ ہیں۔

**سنیے اور درست جوابات پر نشان لگائیے۔ (۱۰)**

۱۔ زیان بیٹے کو ـــــــ جمع کرنے کا بہت شوق ہے۔

جھنڈے     اسٹیکرز     ٹکٹ

۲۔ ان کی استانی نے ـــــــ کے طور پر کچھ اسٹیکرز دیئے تھے۔

انعام     کلام     سلام

۳۔ جس کے بعد ان میں یہ ــــــــپیدا ہوا۔

طور　　　شوق　　　رعب

۴۔ زیان میاں کے پاس مختلف شکل، رنگ اور ــــــــ کے پانچ سو سے زیادہ اسٹیکرز ہیں۔

سجاوٹ　　　بناوٹ　　　ڈیزائن

۵۔ ان میں کچھ ــــــــ والے اسٹیکرز ہیں۔

درختوں　　　کیڑوں　　　جانوروں

٦۔ اور کچھ ــــــــ اور سبزیوں کے۔

نل　　　پھل　　　شکل

۷۔ ــــــــ والے اسٹیکرز تو بالکل اصلی لگتے ہیں۔

کپڑوں　　　کیڑوں　　　سبزیوں

۸۔ زیان میاں ہر ملک کے ــــــــ کا اسٹیکر بھی اپنے پاس رکھنا چاہتے ہیں۔

پھلوں　　　نقشے　　　جھنڈے

۹۔ لیکن ــــــــ ان کے پاس سارے ممالک کے جھنڈوں کے اسٹیکرز جمع نہیں ہو سکے۔

کل تک　　　ابھی تک　　　صبح تک

۱۰۔ وہ اپنے اسٹیکرز کا مجموعہ سب کو ــــــــ سے دکھاتے ہیں۔

فخر　　　شکر　　　اکڑ

## سننے کی مشق کے بعد بات چیت

آپ کا کیا شوق ہے؟ اس کے بارے میں بتائیے؟

اگر ہمیں کوئی کام کرنے کا شوق ہو تو اس سے کیا فائدے یا کیا نقصانات ہوتے ہیں؟

**************************************